راولپنڈی میں سری لنکا کے مضبوط آغاز کےباوجود پاکستانی باؤلرز کا کم بیک

لاہور11دسمبر2019ء:

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری میچ کے پہلے روز کھیل کے اختتام پر سری لنکا نے 5وکٹوں کے نقصان پر 202 رنزبنالیے ہیں۔ کم روشنی کے باعث میچ کے پہلے روز محض 68.1اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکا۔ سری لنکا کے کپتان ڈیموتھ کارونارتنے نے نصف سنچری اسکور کی۔

آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل 2 میچوں پر مشتمل سیریز کے پہلے میچ میں سری لنکا نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ ڈیموتھ کارونارتنے اور اوشاڈا فرنینڈو پر مشتمل مہمان ٹیم کی اوپننگ جوڑی نے پہلے سیشن میں پراعتماد کھیل کا مظاہرہ کیا۔ دونوں کھلاڑیوں نے سیشن کے اختتام پر بغیر کسی نقصان کے 88 رنز بنائے۔

کھانے کے وقفے کے بعد قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلرز نے قدرے بہتر کھیل کا مظاہرہ کیا۔ 96 کے مجموعی اسکور پر نوجوان فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی نے مہمان ٹیم کے کپتان ڈیموتھ کارونارتنے کو ایل بی ڈبلیو آؤٹ کردیا۔ بائیں ہاتھ کے اوپنر نے110 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 9 چوکوں کی مدد سے 59 رنزکی اننگز کھیلی۔

کپتان کے پویلین واپس لوٹتے ہی سری لنکا کرکٹ ٹیم دباؤ کا شکار ہوگئی اور یکے بعد دیگرے وکٹیں گرنے کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ اوشاڈا فرنینڈو 40، کوشال مینڈس 10 اور دنیش چندی مل 2 رنز بناکر پویلین واپس لوٹے تو سری لنکا کا مجموعی اسکور4وکٹوں کے نقصان پر 127 رنز تھا۔

اینجلو میتھیوز اور دھنن جایا سلوا نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچویں وکٹ کی شراکت میں 62 رنز جوڑے تاہم اینجلو میتھیوز 31 رنز بناکر ہمت ہار گئے۔ کھیل کے اختتام پر دھنن جایا سلوا 38 اور نروشن ڈک ویلا 11 رنز

بناکر کریز پر موجود ہیں۔

پاکستان کی جانب سے 16سالہ فاسٹ باؤلر نسیم شاہ 2 جبکہ شاہین شاہ آفریدی، محمد عباس اور عثمان شنواری ایک ایک وکٹ حاصل کرچکے ہیں۔

پاکستان کی جانب سے اوپنر عابد علی اور فاسٹ باؤلر عثمان شنواری نےراولپنڈی ٹیسٹ میں اپنا ڈیبیو کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk